سوال

(38) زور زور سے کلمہ اور مولود پڑھتے ہوئے میت کو قبرستان تک لے جانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس جگہ دستور ہے کہ میت کے آگے آگے خاص مقررہ اشخاص زور زور سے کلمہ اور مولود پڑھتے ہوئے میت کو قبرستان تک لے جاتے ہیں۔ اور بعد دفن میت پر زور زور سے اذان کہتے ہیں۔ انکی بابت واضح حکم کیا ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں شک نہیں کہ یہ اطوار اور افعال اور صحابہ کبار رضوان اللہ عنہم اجمعین کے زمانہ میں نہ تھے۔ نہ آئمہ اربعہ نے ان کا حکم دیا ہے۔ نہ فقہ کی کسی معتبر کتاب میں کسی امام مجتہد کا کوئی قول ان اقوال کے متعلق ملتا ہے۔ کسی چھوٹے موٹے ملانے کہہ دیا ہو تو دین میں اس کی کوئی وقعت نہیں لہذا یہ افعال قطعاً بدعت واجب الترک ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 49

محدث فتویٰ